# 130883 ـ وقف مال کو سرمایہ کاری میں لگانے کا حکم

## سوال

قربانی کرنے کے لئے کوئی چیز وقف ہے، اور اس وقف کا نگران یہ سمجھتا ہے کہ اس چیز کو حصص کمپنی میں بطور سرمایہ کاری لگا دے، تا کہ اس کے نفع سے قربانی ہوتی رہے تو کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ:

"وقف شدہ اس چیز کو کسی ایسی حصص کمپنی میں سرمایہ کاری کے لیے لگانا جائز ہے جو سودی لین دین نہ کرتی ہو۔ یہ بھی خیال رہے کہ یہ کمپنی معتمد ہونی چاہیے۔ تو اس مال کے منافع سے قربانی کی جائے ۔ اللہ تعالی کامیابی عطا فرمائے۔" ختم شد
"مجموع فتاوی ابن باز" (20/21)